www.KitaboSunnat.com



رپورٹ

صدف ریاض

# 'اِسلامک انسٹیٹیوٹ' کی سرگرمیاں

اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ (ویمن ونگ) کا شعبۂ تدریس 'اسلامک انسٹیٹیوٹ'...... ایک عہد ساز ادارہ، عصر حاضر کی جدید اسلامی درسگاہ اور خواتین کی شخصیت کو اسلامی رنگ میں ڈھالنے کا مثالی مرکز ہے۔ خواتین وطالبات کی ۱۲ ربرسوں پر محیط منتشر تعلیمی کوششوں کو منظم کرنے کے لیے اس مستقل ادارے کا قیام جون ۱۹۹۷ء کو عمل میں لایا گیا۔

اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ کی جنرل سیکرٹری محترمہ رضیہ مدنی اسلامک انسٹیٹیوٹ کی پرنسپل کے فرائض بھی انجام دے رہی ہیں۔ گذشتہ تین سال سے یہ اِدارہ اسلام کی سربلندی کے لیے کوشاں ہے۔ اس کی دینی مصروفیات وسرگرمیوں میں روز افزوں اضافہ اس بات کا آئینہ دار ہے کہ یہ ادارہ خواتین ملت کے لیے ایک آئیڈیل اور راہ نما کردار ادا کر رہا اور ان کی دینی خواہشات کی تکمیل کا باعث بن رہا ہے۔

ویسے تو اِسلامک انسٹیٹیوٹ کا ہر دن اور ہر ماہ ہی مصروف ہوتا ہے لیکن رمضان المبارک میں انتظامیہ اور طالبات کا جوش وخروش دیدنی ہوتا ہے۔ ماہِ رمضان میں اسلامک انسٹیٹیوٹ کی گوناگوں مصروفیات میں سے اہم درج ذیل ہیں:

۱۱ نومبر ۲۰۰۰ء کو اسلامک انسٹیٹیوٹ کی طالبات کے لئے قائم کردہ 'اسلامک کلب' کی میٹنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں انسٹیٹیوٹ کی سابقہ وموجودہ طالبات نے شرکت کی۔ محترمہ رضیہ مدنی نے رمضان المبارک کا پروگرام طالبات کے سامنے پیش کرتے ہوئے اس کو بھرپور کامیاب بنانے کی دعوت دی، طالبات کی تو گویا دلی مراد بر آئی۔

## (۱) پانچ روزہ فہم دین ورکشاپ

پانچ روزہ فہم دین کورس برائے رمضان المبارک کہنے کو ایک مختصر کورس ہے مگر اتنا جامع کہ گذشتہ سالوں میں شہر کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی ہزاروں طالبات اس سے مستفید ہو چکی ہیں جنہیں بعد ازاں سند سے بھی نوازا گیا۔

پانچ روزہ فہم دین کورس کے لیے ۵۰ طالبات نے ۶۵ مقامات پر کورسز کا اہتمام کروانے کا بیڑا


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اٹھایا جو اواخر رمضان تک پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔

پچھلے سال اسی پانچ روزہ ورکشاپ کو ۳۸ طالبات نے ۵۵ سکولوں میں منعقد کروایا تھا۔ ان کورسز میں اول دوم سوم آنے والی طالبات کو اس سکول کے نمائندہ سمیت انسٹیٹیوٹ میں آنے کی دعوت دی گئی۔ جہاں کورسز میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا کہ انہوں نے اس مختصر کورس کے ذریعے احسن انداز میں اسلام کے متعلق بہت کچھ سیکھا۔ انہوں نے کورس کرانے والی طالبات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کا انداز تعلیم بہت دلچسپ اور ہمدردانہ تھا۔ سکولوں سے آنے والی نمائندہ خواتین اساتذہ نے اسلامک انسٹیٹیوٹ کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے ان کے سکول میں ایسے مثالی ورکشاپ قائم کیے اور انہیں بھی اہم معلومات اور دینی تربیت فراہم کی۔ انہوں نے آئندہ بھی انسٹیٹیوٹ سے یہ کورس کرانے کی خواہش کا اظہار کیا......

یاد رہے کہ شرکت کرنے والی خواتین باقاعدہ داخلہ فارم جمع کروا کر ورکشاپ میں بیٹھ سکتی ہیں، اس کورس کے لئے باقاعدہ انسٹیٹیوٹ کی طرف سے بڑی تعداد میں نصابی کتب شائع کرائی جاتیں ہیں۔ کورس کے اختتام پر انکے امتحانات ہوتے ہیں اور کامیاب طالبات کو باقاعدہ سرٹیفکیٹ دیئے جاتے ہیں۔

گذشتہ سال اس ورکشاپ میں رجسٹرڈ شریک خواتین کی تعداد ۲۵۱۲ تھی، جس میں اس سال مزید اضافہ ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ

## (۲) نمازِ تراویح برائے خواتین کے پروگرام

رمضان المبارک کی برکات وفیوض سے بہرہ ور ہونے کے لیے مسلمان ہر ممکن کوشش کرتا ہے نمازِ تراویح رمضان المبارک کی معروف واہم ترین عبادت ہے جس کے اہتمام کے لیے لوگ اپنی تمام مصروفیات ترک کردیتے ہیں۔ اسلامک انسٹیٹیوٹ کے زیراہتمام گذشتہ سال چھ مقامات پر نمازِ تراویح کا اہتمام کیا گیا تھا لیکن اس سال طالبات کا جوش و ولولہ قابل ستائش ہے جس کی بدولت رمضان المبارک کے تمام دنوں میں ۲۵ مختلف مقامات پر نمازِ تراویح کے انعقاد کو یقینی بنایا گیا ہے۔

ماہِ شعبان میں اسلامک انسٹیٹیوٹ کی حافظات کلاس کے تمام اَسباق روک کر انہیں نمازِ تراویح کے لیے اسباق کا اِعادہ کروایا گیا۔ یاد رہے کہ وہ حافظات جو نصف سے زائد قرآن حفظ کرچکی ہوں انسٹیٹیوٹ کے قواعد کے تحت ان کے لئے نماز تراویح میں حفظ شدہ قرآن سنانا لازمی ہے۔ چنانچہ جو طالبات ۱۵ سے ۳۰ پارے مکمل حفظ کرچکی تھیں، ان کی نماز تراویح پر تقرری کی گئی اور ان کو نمازِ تراویح کی امامت کی تربیت دے کر پابند کیا گیا کہ ۱۵ پارے حفظ کرنے والی طالبہ ہر روز تین چوتھائی پارہ اور مکمل



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرآن حفظ کرنے والی طالبہ سوا پارہ تلاوت کرے گی۔ ہر تراویح سنٹر میں ایک سامعہ کا انتظام بھی کیا گیا اور بعد نماز، تفسیر قرآن کا اہتمام کیا گیا جس میں درسِ قرآن کے علاوہ دعائیں بھی یاد کروائی جائیں گی۔

یہ ایک ایسا احسن قدم ہے جو عام دنوں میں مصروفیاتِ زندگی کی شکار خواتین کو اس ماہ کی برکت سے فیض یاب ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔ نمازِ تراویح کے ضمن میں سب سے بڑی مشکل ٹرانسپورٹ تھی کہ ۲۵ سے زائد سنٹرز میں حافظہ، سامعہ اور بعد ازاں خلاصۂ قرآن بیان کرنے والی طالبات کو بروقت پہنچایا اور تراویح کے اختتام پر گھروں کو واپس کیسے پہنچایا جائے؟ الحمدللہ یہ بڑا کام انتظامیہ، طالبات اور ان کے سرپرستوں کے تعاون سے نمٹایا گیا۔ ہر تراویح مرکز کو باقاعدہ ہدایات دی گئیں اور وہاں دینی لٹریچر، ہدایات اور بینرز مہیا کئے گئے۔ روزانہ ہر مرکز کی رپورٹ لینے کے انتظام کے لئے ایک موبائل ٹیم تشکیل دی گئی، جبکہ منتظمہ اسلامک انسٹیٹیوٹ حافظہ ہاجرہ مدنی ٹیلی فون کے ذریعے روزانہ ہر مرکز کے بارے میں رپورٹ وصول کررہی ہیں۔ چونکہ اسلامک انسٹیٹیوٹ یہ چاہتا ہے کہ ملک بھر میں خواتین کے لئے تبلیغ وتربیت کے پروگرام جاری کئے جائیں، لہٰذا ان کی رہنمائی کیلئے ہدایات بھی یہاں درج کی جاتی ہیں:

## انچارج مرکز تراویح کے لئے ہدایات

۱۔ تراویح کے درمیان میں تفسیر کا اہتمام کریں، اس کے لیے ہر ۴ تراویح کے بعد جتنا پارہ پڑھ لیا گیا ہے، اس کے موضوعات کا مختصر تعارف کروائیں جس کا دورانیہ ۱۰ منٹ سے زیادہ نہ ہو۔

۲۔ نماز میں سامعات کو خصوصی ہدایات دیں کہ وہ حافظات کی غلطیاں نکالنے کے سلسلے میں زیادہ اصرار نہ کریں۔ زیادہ غلطیوں والی حافظہ کی مرکز میں رپورٹ کریں۔

۳۔ اگر کسی دن سامعہ نہ آسکے تو انچارج خود دورانِ تراویح قرآن ہاتھ میں لے کر سنیں۔ زیادہ چھوٹی غلطیاں نکال کر حافظہ کو مت ٹوکیں، البتہ جس جگہ پر وہ رک گئی ہے تو اگلی پوری آیت پڑھ دیں۔

۴۔ باجماعت نماز کے قواعد ؤ اصول لوگوں پر پہلے دن سے واضح کردیں۔

۵۔ تراویح کا وقت ۷ بجے رکھیں اور کوشش کریں کہ لوگ 8:30 تک فارغ ہو جائیں۔

۶۔ تفسیر کے نکات پہلے لکھ کر گھر سے روانہ ہوں جو مختصر اور جامع ہونے چاہئیں۔

۷۔ حافظہ طالبہ کے ساتھ پہلے دن سے ہی کسی معاون طالبہ کا انتظام رکھیں تاکہ وہ اس سے دور کرسکے۔

۸۔ پہلے دن اسلامک انسٹیٹیوٹ کا تعارف کروائیں، تراویح اور دورۂ تفسیر سنٹرز کی لسٹ ساتھ رکھیں۔

۹۔ دورۂ تفسیر جہاں کرایا جارہا ہو وہاں اسلامک انسٹیٹیوٹ کا دیا ہوا بینر باہر مکان پر لگادیا جائے تاکہ



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوگوں کو اطلاع مل جائے۔

۱۰۔ آخری دن کسی اہم خاتون کو بلوا کر اختتامی دعا کروائیں۔

۱۱۔ روزانہ خواتین کو کوئی نہ کوئی نیک عمل بتا کر انہیں اسے کرنے کی ترغیب دیں، خاص طور پر رمضان المبارک کے خصوصی عشروں کی دعائیں یاد کروائیں۔

## مراكز تراويح

| مقامات | فون | انچارج کا نام | تراویح پڑھانے والی حافظہ |
|---|---|---|---|
| **□ گلبرگ** | | | |
| 572-A گلبرگ III | 5755796 | شاہدہ یوسف | حافظہ عزا امان |
| ہاؤس نمبر 526 III A/1 | 5173688 | مریم مدنی | حافظہ مریم مدنی |
| 104 ۔ جے، فردوس مارکیٹ III | 5885460 | والدہ عمارہ | حافظہ عمارہ ظفر |
| **□ ٹاؤن شپ** | | | |
| بلاک 7 مین مارکیٹ نزد گورنمنٹ بوائز سکول | 5843751 | نرگس رضوان | حافظہ حنا الطاف |
| پرانی آبادی کوٹ لکھپت، لاہور | 5856120 | سلمیٰ | حافظہ نصرت پروین |
| مدرسہ علی بن ابی طالب، لیاقت آباد | 5881097 | عندلیب شاہانہ | حافظہ ارمغانہ بٹ |
| 90 سبزی منڈی کوٹ لکھپت | 5884648 | سفینہ پروین | حافظہ زارا شہزادی |
| کوٹ لکھپت نزد قلعہ والی مسجد محراب والی گلی | 5883055 | طاہرہ بشیر | حافظہ سمیرا یاسمین |
| 17 فروٹ مارکیٹ کوٹ لکھپت | 5837337 | ثمینہ پروین | حافظہ سعدیہ مدنی |
| سیکٹر II لاہور نزد الکریم مارکیٹ | 5113464 | صبیحہ | حافظہ مریم محمود |
| مکان نمبر 515 سیکٹر A-2 بلاک 3 | 5150521 | حافظہ عفیفہ الطاف | حافظہ ثمرین رانا |
| پرانی آبادی، لیاقت آباد | 5858048 | نجمہ نواز | |
| **□ علامہ اقبال ٹاؤن** | | | |
| 368 کریم بلاک | 5415030 | روبینہ شاہد | حافظہ صبا لیاقت |
| 137 سکندر بلاک | 7841908 | مسز عبد اللطیف | حافظہ سمیہ |
| 62 گلشن علامہ اقبال ٹاؤن | 443343 | والدہ فرخ فیاض | حافظہ فرخ فیاض |
| 289 ہنزہ بلاک | 5415665 | عفت یوسف | حافظہ فرح صلاح الدین |



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**□ ماڈل ٹاؤن**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Q بلاک، ایڈن ولاز | 0300-448879 | نادیہ عباس | حافظ فاطمہ مدنی |
| 244 آر بلاک | 5851324 | بشریٰ تصور | |

**□ پنجاب یونیورسٹی کیمپس**

| | | | |
|---|---|---|---|
| باغ گل بیگم گلی 19-A مکان A-1 فتح شیر روڈ | 7568301 | زینب گل | حافظ مریم راشد |
| شاہ دی کھوئی فتح سنگھ نزد اسلامک سنٹر | 5868768 | ثمینہ جمیل | حافظ زرینہ جمیل |

**متفرق مقامات**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 91 بابر بلاک گارڈن ٹاؤن | 5837339 | | مسز رضیہ مدنی |
| 18-A بابر بلاک گارڈن ٹاؤن | 5864988 | سطوت برلاس | حافظ خدیجہ مدنی |
| دار السلام 29B/4 واپڈا ٹاؤن | 5183183 | نبیلہ فیض | حافظ سلمیٰ ثنا |
| اچھرہ، لاہور | 7595964 | مہوش | حافظ مہوش لئیق |
| 307۔ای بلاک گلشن راوی | 7467261 | شمائلہ حفیظ | حافظ عطیہ شریف |
| 92-C کینال بنک ایکسٹینشن | 6822589 | مسز منصور ہمایوں | حافظ صومیہ خالد |
| 69 برج کالونی کینٹ نزد شیر پاؤ پل | 6664928 | فوزیہ حبیب | حافظ ہاجرہ مدنی |

## (۲) دورۂ جات تفسیر القرآن الکریم

جب دورۂ تفسیر القرآن کے انعقاد کا اعلان ہوا تو طالبات وخواتین پھر اس جوش وجذبے سے لبیک کہہ اٹھیں۔ کسی نے مدرّس کی خدمات پیش کیں تو کسی نے اپنے گھر یا مدرسے کو بطورِ سنٹر پیش کیا۔ ان تمام کاوشوں کے نتیجے میں بفضلہٖ تعالیٰ لاہور میں ۱۰ مختلف مقامات پر دورۂ تفسیر القرآن کا اہتمام عمل میں لایا گیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ اہم مرکز 'پرنس میرج ہال' بالمقابل قذافی سٹیڈیم لاہور ہے جہاں حافظہ ومعلّمہ عطیہ انعام الٰہی صاحبہ دورہ قرآن کروانے میں تندہی سے مصروف ہیں۔

اس دورے میں رمضان المبارک میں پورے قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر مکمل کی جائے گی۔ تفسیر کے لئے مولانا عبد الرحمٰن کیلانیؒ کی حال ہی میں منظر عام پر آنے والی تفسیر 'تیسیر القرآن' اور تفہیم القرآن کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ جبکہ روزانہ ایک پارہ صبح ۱۰ تا ۱۲ بجے کی تفسیر وترجمہ کی جاتی ہے۔ جس کا طریقہ یوں ہے کہ امام حرم مکی ڈاکٹر شیخ عبد الرحمٰن السدیس اور شیخ سعود الشریم کی آواز میں پہلے ہر رکوع کی تلاوت ٹیپ ریکارڈ کے ذریعے سنائی جاتی ہے، بعد ازاں دورہ کرانے والی خاتون اس رکوع کا رواں ترجمہ اور تفسیر کرتی ہیں۔ ۲ گھنٹے میں بمشکل ایک پارہ ختم کیا جاتا ہے۔ آخر میں سوال وجواب کی نشست بھی



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتی ہے۔ دورہ تفسیر کرانے کے لئے اسلامک انسٹیٹیوٹ کی ۱۳ سال سے جاری خدمات سے فیض یافتہ، کلاسز میں نمایاں پوزیشن لینے والی خواتین کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

## دورۂ تفسیر قرآن کے لئے ہدایات

۱۔ طریقہ: تلاوت قرآنِ کریم کی کیسٹ سے ہو۔ کسی معروف قاری کی تیز تلاوت کا انتخاب کریں کیسٹ سے ایک رکوع 'حدر' میں پڑھا جائے، اس کے بعد اس رکوع کا ترجمہ تیسیر القرآن (مفصل) سے کریں اور تیسیر القرآن کے ہی حاشیہ جات سے مختصر تشریح اور اہم نکات بتائیں۔

۲۔ ایک طریقہ یہ بھی اختیار کیا جاسکتا ہے کہ پاؤ بھر پارہ کی کیسٹ سنائی جانے کے بعد شرکا سے ایک ایک رکوع کا ترجمہ پڑھوا لیا جائے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ یہ انداز لوگوں کے لیے زیادہ دلچسپی کا باعث بنتا ہے۔ تشریح دورۂ تفسیر کرانے والی خاتون ہی کرائیں گی۔

۳۔ دورۂ تفسیر رمضان کی ۲۷؍تاریخ کو ختم کردیا جائے۔

۴۔ دورۂ تفسیر جہاں کرایا جارہا ہو وہاں اسلامک انسٹیٹیوٹ کا دیا ہوا بینر باہر مکان پر لگا دیا جائے تاکہ لوگوں کو اِطلاع مل جائے۔

۵۔ دورۂ قرآن کے آغاز کے دن سے اہتمام سے انسٹیٹیوٹ کا تعارف ابتدا میں کورس سمیت کردایا جائے۔ اسی طرح روزانہ شروع میں مختصر تعارف اور آخری دن بڑے اہتمام کے ساتھ انسٹیٹیوٹ کا تعارف کروایا جائے۔ طالبات کو یہاں تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دی جائے۔

۶۔ ہر دورۂ تفسیر کے مرکز پر قرآنِ مجید، تدریس القرآن، تیسیر القرآن اور انسٹیٹیوٹ کے مجلّہ **المسلمات** اور ماہنامہ محدث کی فروخت کا انتظام ہو۔

## مراکز دورۂ تفسیر

| مقامات | فون | دورہ کرانے والی معلمہ |
|---|---|---|
| پرنس ہال فیروز پور روڈ | 5857837 | عطیہ انعام الٰہی |
| 210 کوثر، بلاک اعوان ٹاؤن | 5412893 | صائمہ شاہد |
| A/2 St:5 15 گلبرگ III | 5759541 | مسز شاہین خورشید |
| 289 ہنزہ بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن | 5415665 | عفت یوسف |
| 183 بدر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن | 444183 | ریحانہ مظفر |



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| 6 یونین پارک سمن آباد | 7574448 | شاہدہ ناز |
| 64 کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن | 5415587 | عائشہ رشید |
| نیو اسلامیہ پارک بلال سٹریٹ | 7592750 | نورین مبشر |
| 171 پاک بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن | 7833207 | رافعہ مبشرہ |
| گلی 19-A مکان A-1 فتح شیر روڈ، لاہور | 756830 | والدہ زینب گل |

اس کے علاوہ علامہ اقبال ٹاؤن، ماڈل ٹاؤن، گلبرگ، سمن آباد، ڈیفنس، گلشن راوی غرض کہ ہر معروف علاقے میں دورۂ تفسیر القرآن کا اہتمام کیا گیا جن سے مستفید ہونے کے لیے تراویح پروگرام و دورۂ تفسیر القرآن کی انچارج محترمہ ہاجرہ مدنی سے رابطہ کر کے مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

جب افراد مل کر کسی اُمر کی انجام دہی کا ذمہ اٹھائیں تو منزل ضرور ملتی ہے اور جب مقصد دین کی سرفرازی ہو تو پھر اللہ کی مدد بھی شامل حال ہوجاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اساتذہ، ہماری طالبات اور دیگر مددگاروں کے درجات بلند کرے جن کی جانفشانی، قربانی اور توجہ کے باعث آج رمضان المبارک کا مہینہ لاتعداد کو فیض پہنچا رہا ہے (آمین)


## اہل خیر کی توجہ کے لئے!

جامعہ لاہور الاسلامیہ دینی مدرسہ سے بڑھ کر علم وتحقیق کی ایک تحریک ہے جس کی کارکردگی آپ مختلف اوقات میں محدث میں پڑھتے رہتے ہیں۔ جامعہ ہذا میں مدینہ منورہ یونیورسٹی کا نصاب معمولی ردّ وبدل کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے اور اس کی سند کو عرب یونیورسٹیوں میں بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھا اور قبول کیا جاتا ہے۔ ہر سال جامعہ سے متعدد طلبہ اعلیٰ تعلیم کے لئے ان یونیورسٹیوں میں سکالرشپ حاصل کرتے ہیں۔ جامعہ میں فی الوقت ۲۰۰ سے زائد رہائشی طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن سے تعلیم، رہائش اور طعام کے ضمن میں ایک پائی بھی وصول نہیں کی جاتی۔

جامعہ کے تمام اخراجات اہل خیر کے صدقات وزکوٰۃ سے پورے ہوتے ہیں۔ رمضان المبارک نیکیوں میں سبقت کا مہینہ ہے، جس میں ایک نیکی کا اجر ستر گنا تک ہوجاتا ہے۔ آپ بھی اپنی زکوٰۃ وصدقات کو جامعہ میں جمع کرائیے۔ آپ کا یہ صدقہ، صدقہ جاریہ بن کر پھلتا پھولتا رہے گا۔ ان شاء اللہ

رمضان المبارک میں جامعہ کے سالانہ بجٹ کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ گذشتہ سال میں جامعہ کا سالانہ خرچ ۶۰ لاکھ کے لگ بھگ رہا، آپ بھی نیکی کے اس کام میں اپنا حصہ ڈالئے، اللہ آپ کی زکوٰۃ اور صدقہ کو قبول فرمائے...... آمین!

رابطہ کیلئے: محمد اقبال نوید، فون نمبر 5866396 / 5866476

یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ، ماڈل ٹاؤن کراسنگ، لاہور اکاؤنٹ 524 (صدقات وخیرات) اکاؤنٹ 1045 (زکوٰۃ)




محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ